# ریزولیشن

آج مورخہ 06-09-2022 کو ایک خصوصی اجلاس زیر صدارت سرپنچ منعقد ہو کر مندرجہ ذیل کارروائی عمل میں لائی گئی۔

یہ کہ آج کے اجلاس کی غرض و غایت پنچایت ہذا کو نشہ مکت بنانے کے متعلق بنانے کیلئے لوگوں کو جانکاری فراہم کرنا مطلوب ہے۔

یہ کہ اجلاس قبل از وقت نوٹس جاری کر کے طلب کیا گیا اجلاس میں چیدہ چیدہ اشخاص کے علاوہ پنچ حضرات نے بھی شرکت کی۔ لوگوں کی کثیر تعداد میں عوام نے یہ حلف لیا کہ آنے والے وقت میں حلقہ کے اندر ہر فرد کی ذمہ داری رہے گی کہ وہ ہر قسم کی نشیلی ادویات کے علاوہ جو وبا نشہ خوردنی کے ساتھ جڑے ہیں اُن کا بائیکاٹ کریں گے۔

یہ کہ اجلاس میں کافی بحث و مباحثہ کے بعد حاضرین میں سے ذمہ دار شخص پنچایت حلقہ کے چوکیدار و نمبردار کے علاوہ پنچ حضرات نے یہ قبول کیا کہ جو کوئی نشہ کے متعلق کاروبار دیہی و دیگر ذرائع سے کرتے ہیں اُن کا رپورٹ تحصیل سطح و ضلع سطح کے آفسران کے نوٹس میں لا کر کارروائی کروانے میں مدد کریں گے۔ کیونکہ نشہ ایک بدعت ہے اور اس سے طرح طرح کے جرائم ہونے کا خطرہ لاحق رہتا ہے۔ اس قسم کی بدعت سے دور رہنے اور سماج میں اس طرح کے جو جو خطرے پیدا نہ ہونے دینا سماج کے کارکن لوگوں کی ذمہ داری ہے اور اس کو وہ قبول کرتے حلقہ کو نشہ مکت کروانا چاہتے ہیں۔

یہ کہ بالاتفاق رائے ریزولیشن پاس کر کے بالا حکام سے گزارش ہے کہ ہمارے بار بار اس طرح کے پروگرام کروا کر نشہ مکت پنچایت کرنے میں مدد کریں تاکہ کوئی بھی شخص اس بدعت کا شکار نہ ہو اور جو آج کل کے وقت میں جرائم طرح طرح قسم کے جنم لے رہے ہیں وہ نہ لیں اور ہر خاص و عام اس بدعت سے پاک و صاف رہیں۔

Sd/

سرپنچ پنچایت حلقہ
بڑھال - اے

سیکریٹری پنچایت و جی آر ایس